سوال

(284) ظہر کی نماز کا اوّل وقت

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

ظہر کی نماز کا وقت آج کل عموماً ایک بجے ہے جب کہ زوال کا وقت گیارہ بج کر پچاس منٹ پر ہے کیا ایک بجے کا وقت نماز کا اول یا درمیانہ یا آخری وقت شمار کیا جائے گا۔ اوّل وقت کب شروع ہوتا ہے۔

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

ظہر کا وقت سورج کے ڈھلنے سے لے کر ایک مثل (ہر شے کا سایہ اس کے برابر ہوجانے) تک ہے۔ دوپہر کا سایہ مثل میں داخل نہیں۔ اس حساب سے ظہر کے اوّل کا آپ بخوبی اندازہ کر سکتے ہیں۔ مشارٌالیہ (اوپر بیان کردہ) وقت بہر صورت درمیانہ ہے۔ مزید وضاحت کے لیے ملاحظہ ہو!(عون المعبود : جلد اوّل) اور نقشہ اوقاتِ نماز مرتب شدہ قاری عزیز صاحب۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی

کتاب الصلوٰۃ : صفحہ :283

محدث فتویٰ